"اے ایمان والو" کے الفاظ پر مشتمل آیات کے مضامین
کی مناسبت سے دنیا و آخرت، ظاہر و باطن، جسمانی و
روحانی رحمتیں، برکتیں مانگنے کے لیے دعاؤں کا ایمان افروز مجموعہ بنام



آئیے دعا مانگتے ہیں

شیخ الحدیث والتفسیر مفتی محمد قاسم عطاری مدظلہ العالی

"اے ایمان والو" کے الفاظ پر مشتمل آیات کے مضامین

کی مناسبت سے دنیا و آخرت، ظاہر و باطن، جسمانی و

روحانی رحمتیں، برکتیں مانگنے کے لیے دعاؤں کا ایمان افروز مجموعہ بنام



آئیے دعا مانگتے ہیں

شیخ الحدیث والتفسیر مفتی محمد قاسم عطاری مدظلہ العالی



مقدمہ

اللہ تبارک و تعالیٰ نے امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام سے بہت خوبصورت کلمات سے خطاب فرمایا اور وہ ہے ﴿یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا﴾ ”اے ایمان والو!۔“

قرآنِ پاک میں 89 مرتبہ ان کلماتِ مقدسہ کے ساتھ امتِ مسلمہ کو مخاطب فرمایا گیا ہے۔ استاذ محترم شیخ الحدیث و التفسیر مفتی محمد قاسم عطاری مُدظلہ العالی نے تقریباً 600 صفحات میں بہت خوبصورت انداز میں سمیٹ کر **”اے ایمان والو“** کے نام سے ان آیاتِ کریمہ کی تفسیر ہمیں عنایت فرمائی، اس تفسیر میں ہر آیت کے آخر میں متعلقہ آیتِ کریمہ کے مضمون کی مناسبت سے دعا ذکر کی گئی ہے، ان تمام دعاؤں کو ایک جگہ اکٹھا کر کے **”آیئے دعا مانگتے ہیں“** کے نام سے پیش کیا جارہا ہے، تاکہ لوگوں کے لیے اردو زبان میں دعائیں سیکھنا و مانگنا آسان ہو جائے، اور بالخصوص ان چیزوں کی دعائیں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کریں کہ جن کا حکم پروردگار نے ایمان والوں کو عطا فرمایا ہے۔ دعا ایسا وظیفہ ہے کہ خود رب العالمین نے فرمایا ہے: ﴿وَ قَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِیْۤ اَسْتَجِبْ لَكُمْ﴾ ترجمہ: اور تمہارے رب نے فرمایا مجھ سے دعا کرو میں قبول



www.dawateislami.net



کروں گا۔[1]

دُعا عظیم عبادت ہے جس کی عظمت و فضیلت پر بکثرت آیاتِ کریمہ اور احادیثِ طیبہ وارِد ہیں۔ چنانچہ ”دُعا“ کے فضائل کے متعلّق چند احادیثِ کریمہ ملاحظہ کریں:

☆اللہ تعالیٰ کے نزدیک کوئی چیز دُعا سے بزرگ تَر نہیں۔[2]

☆دُعا مصیبت وبلا کو اُترنے نہیں دیتی۔[3]

☆دُعا مسلمانوں کا ہتھیار، دین کا ستون اور آسمان وزمین کا نور ہے۔[4]

☆دعا کرنے سے گناہ معاف ہوتے ہیں۔[5]

☆دعا عبادت کا مغز ہے۔[6]

☆اللہ تعالیٰ دعا کرنے والے کے ساتھ ہوتا ہے۔[7]

☆جو بلا اتر چکی اور جو نہیں اتری، دعا ان سے نفع دیتی ہے۔[8]

1...(پ24، المؤمن:60)

2...(ترمذی، ج5، ص243، حدیث:3381)

3...(مستدرک، ج2، ص162، حدیث:1856)

4...(مستدرک، ج2، ص162، حدیث:1855)

5...(ترمذی، ج5، ص318، حدیث:3551)

6...(ترمذی، ج5، ص243، حدیث:3382)

7...(مسلم، ص:1442، حدیث:2675)

8...(ترمذی، ج5، ص322، حدیث:3559)



www.dawateislami.net



☆دعا رحمت کی چابی ہے۔[1]

☆دعا قضا کو ٹال دیتی ہے۔[2]

☆دعا بلا کو ٹال دیتی ہے۔[3]

☆جسے دعا کرنے کی توفیق دی گئی اس کے لیے رحمت کے دروازے کھول دیئے گئے۔[4]

دعا کی قبولیت کے کچھ مواقع

(1)وقت:

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ و سلم نے ارشاد فرمایا: جب تہائی رات کا پہلا پہر ہوتا ہے، تو اللہ پاک آسمانِ دنیا پر اپنی شان کے مطابق نزول کرتا ہے اور فرماتا ہے: میں بادشاہ ہوں، جو مجھ سے دعا کرے گا، میں اُس کی دعا قبول کروں گا، جو مجھ سے کسی چیز کا سوال کرے گا، میں اُسے عطا کروں گا، جو مجھ سے مغفرت چاہے گا، میں اُس کی مغفرت کروں گا، یہ ارشاد ہوتا رہتا ہے، یہاں تک کہ فجر کا وقت شروع ہو جاتا ہے۔[5]

1...(الفردوس، ج2، ص224، حدیث:3086)

2...(مستدرک، ج3، ص548، حدیث:6038)

3...(کنز العمال، ج2، ص63، حدیث:3121)

4...(ترمذی، ج11، ص459، حدیث:3471)

5...(ترمذی، ابواب الصلوٰۃ، باب فی نزول رب، ج1، ص444، حدیث:446)



www.dawateislami.net



(2) فرض نمازوں کے بعد اور آدھی رات کو کی جانے والی دعا:

حضرت ابو امامہ بیان فرماتے ہیں کہ عرض کیا گیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم! کون سی دعا زیادہ مقبول ہوتی ہے؟ تو ارشاد فرمایا: آدھی رات اور فرض نمازوں کے بعد۔[1]

(3) سجدے کی حالت میں دُعا:

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ تاجدارِ مدینہ صلی اللہ علیہ و سلم کا فرمانِ عالیشان ہے: بندہ سجدے کی حالت میں اپنے رب عزوجل کے زیادہ قریب ہوتا ہے، لہٰذا اس وقت کثرت سے دعا مانگا کرو۔[2]

(4) مسلمانوں کے مجمع میں کی جانے والی دعا:

حضرت حبیب بن مسلمۃ الفھری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جہاں مسلمان جمع ہوں، ان میں بعض دعا کریں اور بعض آمین کہیں، تو اللہ تعالیٰ ان کی دعا قبول فرماتا ہے۔[3]

مستجاب الدعوات (یعنی ہر دعا قبول ہو جائے) بننے کا نسخہ:

حضرت سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہو کر عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم! اللہ پاک سے دعا کیجیے کہ میں مستجاب الدعوات بن

1...(جامع الترمذی، ج5، ص526، حدیث:3499)

2...(الصحیح لمسلم، کتاب الصلوٰۃ، باب مایقال فی الرکوع والسجود، ص198، حدیث:1083)

3...(المستدرک، کتاب معرفۃ الصحابۃ، ج3، ص347، حیدر آباد، دکن)



www.dawateislami.net



جاؤں۔ آپ علیہ الصلوٰۃ و السلام نے ارشاد فرمایا: اے سعد! اپنا کھانا حلال کر، مستجاب الدعوات بن جائے گا۔[1]

دعا قبول کیوں نہیں ہوتی؟

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ و سلم نے ارشاد فرمایا: اللہ پاک سے اس حال میں دعا کرو کہ تمہیں قبولیت کا یقین ہو اور جان لو کہ اللہ عزوجل غافل اور کھیل میں مشغول دل کی دعا قبول نہیں فرماتا۔[2]

دعا قبول ہونے کی چند شرائط و آداب:

☆ دعا مانگنے میں اخلاص ہو۔

☆ دعا مانگتے وقت دل دعا کے علاوہ کسی اور چیز کی طرف مشغول نہ ہو۔

☆ ناجائز و گناہ کی دعا نہ مانگی جائے۔

☆ دعا مانگنے والا اللہ تعالیٰ کی رحمت پر یقین رکھتا ہو۔

☆ اگر دعا کی قبولیت ظاہر نہ ہو، تو وہ شکایت نہ کرے کہ میں نے دعا مانگی، لیکن وہ قبول نہ ہوئی۔

شیخ الاسلام و المسلمین امام اہلسنت مولانا الشاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کے والد گرامی رئیس المتکلمین مولانا نقی علی خان رحمۃ اللہ علیہ کی دعا کے حوالے

1...(معجم اوسط، من اسمہ محمد، ج 5، ص 34، حدیث: 6494)

2...(ترمذی، کتاب الدعوات، ج 5، ص 292)



www.dawateislami.net



حوالے سے مایہ ناز تصنیف "**فضائلِ دعا**" سے چند آدابِ دعا ملاحظہ فرمائیں:

☆دعا سے پہلے کوئی عملِ صالح (یعنی نیک عمل) کرے کہ خدائے کریم کی رحمت اس کی طرف متوجہ ہو۔

☆دعا سے پہلے گزشتہ گناہوں سے توبہ کرے۔

☆دعا کے وقت باوضو، قبلہ رُو، مُؤَدَّب (باادب) دوزانو بیٹھے یا گھٹنے کے بَل کھڑا ہو۔

☆دعا کے لیے اول و آخر حمدِ الٰہی بجائے لائے کہ اللہ تعالیٰ سے زیادہ کوئی اپنی حمد کو دوست رکھنے والا نہیں، تھوڑی حمد پر بہت راضی ہوتا ہے اور بے شمار عطا فرماتا ہے۔

☆اول و آخر نبی پاک صلی اللہ علیہ و سلم اور ان کے آل و اصحاب پر دُرود بھیجئے کہ دُرود اللہ پاک کی بارگاہ میں مقبول ہے۔

☆اللہ تعالیٰ کی عظیم رحمتوں کو، جو باوجود گناہ اس کے حال پر فرماتا رہا، یاد کر کے شرمندہ ہو۔[1]

دعا قبول ہونے کا مطلب:

جب ان شرائط کو پورا کرتے ہوئے دعا کی جاتی ہے، تو وہ قبول ہوتی ہے، لیکن یہ ذہن میں رکھیں کہ قبولیتِ دعا کا اصل معنیٰ ہے کہ بندے کی پکار پر اللہ تعالیٰ کا

---

1 ...(فضائل دعا، ص59تا70)



www.dawateislami.net



اُسے ”لَبَّیْكَ عَبْدِی“ فرمانا۔ یہ ضروری نہیں کہ جو مانگا وہ مل جائے، بلکہ **مانگنے پر کچھ ملنے کا ظہور دوسری صورتوں میں بھی ہو سکتا ہے:** مثلاً اُس دعا کے مطابق گناہ معاف کر دیئے جائیں یا آخرت میں اس کے لیے ثواب ذخیرہ کر دیا جائے یا اصل مانگی ہوئی شے کی جگہ اس سے بہتر چیز عطا کر دی جائے یا اُس دعا میں مانگی ہوئی چیز بندے کی زیادہ ضرورت کے وقت تک مؤخر کر دی جائے۔

دعا مانگ کر نتیجہ اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر چھوڑ دینا چاہیے کہ رحمٰن و رحیم خدا ہمارے ساتھ وہی معاملہ فرمائے جو ہمارے حق میں بہتر ہے۔ قضائے الٰہی پر راضی رہنا بہت اعلیٰ مرتبہ ہے اور حقیقت میں ہمارے لیے یہی مفید تر ہے، کیونکہ ہمارا علم ناقص ہے، جبکہ خدا کا علم لامتناہی و محیط ہے۔ بارہا ہم اپنی کم علمی سے کوئی چیز مانگتے ہیں، لیکن اللہ تعالیٰ اپنی مہربانی سے ہمیں منہ مانگی چیز نہیں دیتا، کیونکہ وہ چیز ہمارے حق میں نقصان دہ ہوتی ہے، مثلاً: بندہ مال و دولت کی دعا کرتا ہے، لیکن وہ اس کے ایمان کے لیے خطرناک ہوتی ہے یا آدمی تندرستی و عافیت کا سوال کرتا ہے، لیکن علمِ الٰہی میں دنیا کی تندرستی آخرت کے نقصان کا باعث ہوتی ہے۔ تو یقیناً ایسی دعا قبول نہ کرنا بندے کے لیے زیادہ اچھا ہے۔

لہٰذا قبولیت و عدم قبولیت کا معنی مفہوم ذہن میں رکھتے ہوئے، آداب دعا کے تقاضے پورے کرتے ہوئے یہ رسالہ پڑھیے اور ان کلمات کو اپنی زبان پر جاری کرنے کی کوشش کریں، اللہ پاک ایمان و تقویٰ، صحت و عافیت، خوشیوں اور خوشحالیوں والی



www.dawateislami.net



لمبی زندگی عطا فرمائے۔ جان، مال، عزت اور اہلِ خانہ کے حوالے سے بُرے وقت اور آزمائش سے محفوظ فرمائے۔ عافیت کے ساتھ ایمان پر خاتمہ، نزع میں آسانی، قبر و جہنم کے عذاب سے حفاظت، محشر کی گھبراہٹ سے امن اور جنت الفردوس میں بے حساب داخلہ عطا فرمائے۔ یہ سب دعائیں ہمارے ماں باپ، بیوی بچوں اور بہن بھائیوں کے حق میں قبول فرمائے۔ اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم

از: ابو حذیفہ محمد شفیق عطاری مدنی

دار الافتاء اہلسنت، اقصیٰ مسجد

23 محرم الحرام 1445ھ / بمطابق 11 اگست 2023



www.dawateislami.net

آیئے دعا مانگتے ہیں





اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

﴿تعظیم نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی دعا﴾

یا اللہ ! صحابۂ کرام رضی اللہُ عنہم کے حسن ادب کا صدقہ ؛ ہمیں بھی اپنے حبیب صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے ادب و تعظیم پر ثابت قدم رکھ۔ ہمیں اور ہماری نسلوں کو ہمیشہ کے لیے رسولِ پاک صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی بے ادبی و گستاخی سے محفوظ فرما۔ ادب و تعظیم، عجز و انکسار اور عشق و محبت سے بھرپور الفاظ اور اندازِ بیاں کے ساتھ دربارِ رسالت میں حاضری کی توفیق عطا فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ البقرۃ، آیت 104)

﴿مصیبت پر صبر کرنے کی دعا﴾

یا اللہ ! ہمیں اپنی عبادت کا ذوق و شوق اور اس پر استقامت عطا فرما۔ دنیا و آخرت میں ہمیں مصائب و آلام سے عافیت نصیب فرما۔ دنیا میں کوئی آزمائش، مصیبت یا پریشانی آجائے تو اس پر صبر کی توفیق دے۔ آزمائش کے موقع پر بطورِ خاص نماز کی سعادت سے نواز دے اور صبر و نماز کے صدقے ہماری آزمائش، مصیبت اور پریشانی کو دور فرما دے؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ البقرۃ، آیت 153)

﴿رزقِ حلال کمانے کی دعا﴾

یا اللہ ! ہمیں حلال کمانے اور حلال کھانے کی توفیق عطا فرما۔ ہمارے رزقِ حلال



www.dawateislami.net

میں برکتیں عطا فرما۔ حرام کمانے اور حرام کھانے سے بچنے کی توفیق عطا فرما۔ اپنی دی ہوئی نعمتوں کی قدر کرنا نصیب فرما، انہیں تیری رضا کے مطابق استعمال کرنے کی توفیق دے اور ہمیں اپنا شکر گزار بندہ بنا؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ البقرۃ، آیت 172)

﴿ معاشرے سے جرائم کے خاتمے کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمارے ملک کی حفاظت فرما، ہمارے معاشرے کو امن و سکون کا مرکز بنا، ہماری جان و مال کی حفاظت فرما اور دوسرے انسانوں کی جان کی حرمت سمجھنے اور اس کی پاسداری کرنے کی توفیق دے۔ قتل ناحق اور ظلم و ستم سے ہمیں ہمیشہ محفوظ رکھ۔ جرائم کے خاتمے کے لئے ہمیں دین اسلام کی مقرر کردہ حدود نافذ کرنے والا بنا؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ البقرۃ، آیت 178)

﴿ روزے کا حقیقی مقصد حاصل کرنے کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں اخلاص کے ساتھ فرض روزے رکھنے کی توفیق دے، نفلی روزے رکھنے کی بھی سعادت سے نواز دے۔ اپنی خواہشات پر قابو پانے اور حرام سے بچنے کی قوت عطا فرما۔ روزے کے ظاہری اور باطنی تمام آداب پورے کر کے روزے کا حقیقی مقصد "تقویٰ" حاصل کرنے کی توفیق دے؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ البقرۃ، آیت 183)

﴿ اسلامی اَحکامات پر عمل پیرا ہونے کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں اسلام کے جملہ احکام اور تعلیمات کو دل و جان سے قبول کرنے کی توفیق دے۔ عملی طور پر بھی اسلامی احکام و تعلیمات ہماری زندگی میں نظر آئیں۔ اپنی

www.dawateislami.net



مصلحت اور خواہش کے مطابق اسلامی احکام پر عمل اور دوسرے احکام کو نظر انداز کرنے سے بچا۔ ہمارے ایمان کی مضبوطی اور قوت میں اضافہ فرما اور ایمان کمزور کرنے والی ہر چیز سے محفوظ فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ البقرۃ، آیت 208، 209)

﴿ راہِ خدا میں مال خرچ کرنے کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں اپنی آخرت کے لیے زادِ راہ تیار کرنے کی توفیق دے۔ نیک کاموں میں حلال مال خرچ کرنے کی سعادت عطا کر۔ قیامت کے ہولناک دن میں نیک لوگوں کا ساتھ نصیب فرما۔ اپنے مقبول بندوں کی شفاعت سے ہمیں بھی حصہ عطا فرما۔ ہمارا ایمان سلامت رکھ اور کفر و ظلم سے ہماری حفاظت فرما؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ البقرۃ، آیت 254)

﴿ صدقہ کرنے اور اس میں دِکھلاوے سے بچنے کی دعا ﴾

یا اللہ! خاص اپنی رضا کے لیے صدقہ و خیرات کرنے کی سعادت عطا کر۔ سفید پوش غریب لوگوں کی عزت نفس کا خیال رکھنے کی توفیق دے۔ صدقہ و خیرات کے بعد احسان جتانے اور تکلیف و اذیت دینے سے بچا۔ لوگوں کو دکھانے کے لیے صدقہ و خیرات کرنے سے محفوظ فرما۔ ہمارے صدقہ و خیرات کا بھرپور ثواب عطا فرما۔ ہمیں ہر اس عمل سے بچا جس سے ہمارے صدقہ و خیرات کا ثواب باطل ہو جائے۔ ایمان پر استقامت دے اور کفر کی نحوست سے ہمیں بچا؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ البقرۃ، آیت 264)



www.dawateislami.net



﴿صدقہ وخیرات کرنے میں شیطانی وساوس سے بچنے کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں حلال و پاکیزہ مال اپنی راہ میں خرچ کرنے کی توفیق دے۔ زمین کی پیداوار سے بھی صدقہ کرنے کی سعادت دے۔ تیری راہ میں ناقص اور گھٹیا مال نہیں بلکہ اچھا پسندیدہ مال خوش دلی سے خرچ کرنے کی سعادت عطا فرما۔ خرچ کرنے میں راہِ اعتدال اختیار کرنے کی توفیق عطا کر۔ شیطان کے وسوسوں اور حملوں سے محفوظ فرما، تیری راہ میں خرچ کرنے پر شیطان کی طرف سے ڈالے جانے والے محتاجی کے اندیشے سے ہماری حفاظت کر اور شیطان کی شیطانی اور بے حیائی کی ترغیب سے محفوظ رکھ۔ اپنی بخشش اور فضل کے وعدے پر کامل یقین رکھنے والا بنا؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ البقرۃ، آیت 267، 268)

﴿سود اور حرام کمائیوں سے بچنے کی دعا﴾

یا اللہ! ہمارے دلوں میں اپنی محبت اور اپنا خوف پیدا فرما۔ تمام حرام کاموں اور کبیرہ گناہوں سے بچنے کی توفیق عطا فرما۔ بطورِ خاص تیری شدید ناراضی کا سبب بننے والے کام ”سودی لین دین“ سے بچا۔ جو سودی معاملات کر چکے ان پر سچی توبہ کی توفیق دے۔ ہماری زبان، ہاتھ اور مال کو ظلم کا ذریعہ بننے سے محفوظ فرما اور دوسروں کے ظلم کا نشانہ بننے سے بھی ہماری حفاظت فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ البقرۃ، آیت 278، 279)

﴿کاروباری برائیوں سے بچنے کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں قرض اور ادھار کے تمام معاملات میں شریعت کے احکام پر عمل کی



www.dawateislami.net



توفیق عطا فرما، آپس کے معاہدوں میں کمی بیشی اور بد دیانتی سے ہمیں بچا۔ ہمارے معاشرے میں پھیلی ہوئی بد دیانتی، خیانت، کرپشن، چور بازاری، جھوٹ، فراڈ، ملاوٹ وغیرہ گناہوں سے ہماری قوم کو نجات عطا کر دے؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ البقرۃ، آیت 282)

﴿ آپس میں پیار محبت سے رہنے کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں اپنی انا کی خاطر آپس میں لڑائی جھگڑا اور فتنہ و فساد کرنے سے بچا۔ باہمی اختلاف و انتشار سے محفوظ رکھ۔ آپس میں پیار و محبت پیدا کرنے اور صلح کروانے والا بنا۔ باہمی اتفاق و اتحاد کی عظیم دولت سے نواز دے۔ دینی معاملات میں کفار کی پیروی کرنے سے بچنے کی توفیق عطا کر؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ اٰل عمران، آیت 100)

﴿ ایمان پر استقامت کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں تقویٰ و پرہیز گاری کی عظیم دولت عطا فرما۔ گناہوں سے اور آخرت تباہ کرنے والی چیزوں سے ہمیں بچا۔ ایمان و تقویٰ پر استقامت دے دے۔ ایمان کی زندگی اور ایمان و عافیت کی موت نصیب فرمانا اور کفر سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ہماری حفاظت فرما؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ اٰل عمران، آیت 102)

﴿ بُرے لوگوں کی صحبت سے بچنے کی دعا ﴾

یا اللہ! شریعت کے احکام پر عمل کی توفیق عطا فرما، کفار و مشرکین کے ساتھ



www.dawateislami.net



دوستانہ تعلقات اور قلبی محبت سے محفوظ رکھ۔ کافروں، بد مذہبوں اور برے لوگوں کی صحبت سے دور رہنے کی توفیق عطا کر اور کفار و مشرکین کے شر و فساد سے ہماری حفاظت فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ اٰل عمران، آیت 118)

﴿ حرام کمائی سے بچنے کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمارے رزق حلال میں خوب برکتیں عطا فرما اور سود و رشوت اور دیگر حرام کمائیوں سے ہمیں بچنے کی توفیق عطا فرما۔ سودی معاملات میں ہر طرح کی شرکت اور تعاون سے محفوظ رکھ؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ اٰل عمران، آیت 130)

﴿کفر و بے عملی سے بچنے کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں کافروں کے طریقوں سے دور رکھ اور ان کی پیروی کرنے سے بچا۔ کفر، بے دینی، بے عملی اور نافرمانی سے ہماری حفاظت فرما۔ ہمیں دنیا و آخرت کی تباہی اور بربادی سے بچا؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ اٰل عمران، آیت 149، 150)

﴿ مدینہ شریف میں شہادت کی موت کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں اپنی رضا پر راضی رہنے اور تیری راہ میں دل مضبوط رکھنے کی توفیق دے۔ اپنی راہ میں شہادت کی موت ہمارا مقدر فرما اور اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے پیارے شہر مدینہ منورہ میں مدفن نصیب فرما؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ اٰل عمران، آیت 156)



www.dawateislami.net



﴿مصائب پر صبر اور لوگوں سے درگزر کرنے کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں دنیا و آخرت میں عافیت کی نعمت سے نواز دے۔ نیکیاں کرنے اور ممنوعات سے بچنے کی مشقت پر صبر کرنا نصیب فرما۔ مصیبتیں اور پریشانیاں آجائیں تو ان پر بھی صبر کی توفیق عطا کر۔ عفو و درگزر اپنانے کی ہمت عطا فرما۔ نیکی کا حکم دینے اور برائی سے منع کرنے کی توفیق عطا فرما۔ ہر کام اور ہر حال میں اپنا خوف اور تقویٰ نصیب فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، اٰل عمران، آیت200)

﴿مال وراثت میں حکمِ خدا پر عمل کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں حرام مال سے محفوظ فرما، مالِ وراثت میں بد دیانتی کرنے اور حقداروں کو محروم کرنے سے بچا۔ "تقسیمِ میراث" کے معاملے میں عدل و انصاف کے تقاضے اور شرعی احکام پورے کرنے کی توفیق دے۔ عورتوں اور بچوں کو وراثت میں ان کا حصہ دینے والا بنا۔ یتیموں کی کفالت اچھے طریقے سے کرنے کی توفیق دے۔ ان کے مال میں ہر طرح کی خیانت سے محفوظ رکھ۔ بیویوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے اور بدسلوکی سے بچنے والا بنا۔ ان کے ساتھ شریعت و مروت کے مطابق اچھے طریقے سے گزر بسر کرنے کی توفیق عطا کر اور ہمارے گھروں کا ماحول پر امن اور خوشگوار بنا؛ آمین۔
(مناسبت دعا، سورۃ النساء، آیت19)

﴿رزقِ حلال کمانے کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں شریعت کے حرام کردہ ہر طریقے سے مال کمانے اور کھانے سے بچا۔



www.dawateislami.net



گناہ و نافرمانی کے کاموں میں مال خرچ کرنے سے محفوظ رکھ۔ مالِ حرام کے وبال اور اس کی نحوست سے بچا۔ شرعی تقاضوں کے مطابق تجارت کرنے کی توفیق دے۔ تجارت کے آداب پر اچھے طریقے سے عمل کرنے والا بنا۔ ہماری زندگی میں سکون اور خوشیاں پیدا فرما اور خودکشی تک پہنچانے والے برے حالات سے ہماری حفاظت فرما۔ ہماری زبان اور ہاتھوں سے دوسروں کی حفاظت فرما، لوگوں کو تکلیف دینے سے بچنے کی سوچ عطا فرما۔ دنیا و آخرت میں ہلاکت میں ڈال دینے والے ہر فعل سے بچنے کی توفیق دے؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ النساء، آیت 29۔30)

﴿ ذوقِ عبادت کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں نمازوں کا پابند بنا۔ نماز سے محبت، سجدوں کی لذت، بارگاہِ الٰہی میں مناجات کا شوق عطا فرما، خشوع و خضوع کی دولت نصیب فرما۔ بندگی اور بارگاہِ ربوبیت عَزَّوَجَلَّ میں مناجات کا سلیقہ سکھا؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ النساء، آیت 43)

﴿ ملک میں قرآن و سنت کے قوانین کے نفاذ کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں اپنا اور اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا اطاعت گزار بندہ بنا اور نافرمانی سے محفوظ رکھ۔ ہمارے حکمرانوں کو حق کے موافق نظامِ حکومت چلانے کی توفیق عطا فرما اور ہمیں اچھے کاموں میں ان کا مددگار بنا اور برے کاموں سے روکنے والا بنا۔ ہمارے ملک میں قرآن و سنت کے قوانین کا نفاذ فرما اور اسلام کو ہر جگہ غلبہ عطا فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ النساء، آیت 59)



www.dawateislami.net



﴿ وطن کی حفاظت کی دعا ﴾

یا اللہ ! ہماری حفاظت فرما، دشمنوں کی سازشوں کو ناکام بنا، ہمیں قوت و طاقت اور غلبہ عطا فرما، خدمتِ دین اور وطن کی ترقی کے کاموں میں ہمیں صحیح راستے پر چلنا نصیب فرما۔ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ان کی سازشوں اور چالوں سے باخبر رہنے اور ان کا سدِّباب کرتے رہنے کی توفیق عطا فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ النساء، آیت 71)

﴿ ایمان اور علم و عمل کی دعا ﴾

یا اللہ ! ہمیں ایمان اور اسلامی عقائد پر ثابت قدمی نصیب فرما۔ ایمانیات کے مسائل کی باریکی کو سمجھنے اور متعلقہ شرعی احکام پر عمل کی توفیق عطا فرما؛ آمین۔
(مناسبت دعا، سورۃ النساء، آیت 94)

﴿ ناانصافی سے بچنے کی دعا ﴾

یا اللہ ! ہمیں فیصلہ کرتے اور گواہی دیتے ہوئے صحیح حکم کے مطابق چلنے کی توفیق دے۔ عدل و انصاف کے معاملے میں ہر طرح کے تعلق کا لحاظ کرنے سے بچا اور ناانصافی کی طرف مائل کرنے کا سبب بننے والی ہر چیز سے محفوظ رکھ؛ آمین۔
(مناسبت دعا، سورۃ النساء، آیت 135)

﴿ ایمان پر استقامت کی دعا ﴾

یا اللہ ! ہمیں ایمان صحیح پر استقامت عطا فرما اور ایمان کامل کی دولت سے مشرف فرما۔ کائنات سے، ہر شے سے بڑھ کر دین و ایمان کی قدر کرنے کی توفیق عطا فرما



www.dawateislami.net



؛آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ النساء، آیت136)

﴿ نیک لوگوں سے دوستی کی دعا ﴾

یااللہ! ہمیں اپنی رضا کے لیے دوستی اور بھائی چارہ قائم کرنے کی توفیق دے۔ سمجھدار، با اخلاق اور نیک مسلمانوں کے ساتھ دوستی کرنے والا بنا۔ ہمارے ایمان، اخلاق اور نیک اعمال میں خرابی کا باعث بننے والے دوستوں سے بچا۔ کافروں، نافرمانوں، ظالموں اور فاسقوں کے ساتھ دوستی سے محفوظ رکھ۔ دوستی اور بھائی چارے کے تمام حقوق کا خیال رکھنے کی سعادت دے؛آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ النساء، آیت144)

﴿ وعدہ خلافی سے بچنے کی دعا ﴾

یااللہ !ایمان و اطاعت کے جو وعدے ہم نے تیری بارگاہ میں کر رکھے ہیں، وہ تمام عہد پورے کرنے کی توفیق دے۔ دوسروں کے ساتھ کیا ہوا جائز معاہدہ اور وعدہ بھی پورا کرنے والا بنا۔ بدعہدی اور وعدہ خلافی سے ہمیں محفوظ فرما؛آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ المائدہ، آیت01)

﴿ نیکی کے کاموں پر باہم مدد کرنے کی دعا ﴾

یااللہ !جو چیزیں تو نے ہم پر فرض کیں اور جن سے منع فرمایا؛سب کی حرمت کا لحاظ رکھنے کی توفیق عطا فرما۔ دینی عظمت والی چیزوں اور حرمت والے مہینوں کا احترام کرنے والا بنا۔ ہر طرح کے تعصب سے محفوظ فرما۔ نیکی اور پرہیز گاری کے کاموں پر



www.dawateislami.net



ایک دوسرے کی مدد کرنے کی توفیق دے۔ گناہ اور سرکشی کے کاموں میں باہمی مدد سے محفوظ فرما اور ہمارے دلوں میں اپنا خوف پیدا فرما؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ المائدہ، آیت02)

﴿کامل طہارت واخلاص کے ساتھ نماز ادا کرنے کی دعا﴾

یااللہ! ہمیں کامل طہارت و پاکیزگی کے ساتھ نماز ادا کرنے کی توفیق دے۔ نماز میں اخلاص اور خشوع و خضوع کی سعادت عطا کر۔ وضو کے فضائل میں سے ہمیں بھی حصہ عطا فرما۔ اپنی تمام نعمتوں اور احسانات کو یاد رکھنے اور ان پر شکر ادا کرتے رہنے کی توفیق دے؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ المائدہ، آیت06)

﴿ہر معاملے میں انصاف پر قائم رہنے کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں عدل و انصاف کی اہمیت سمجھنے اور اس پر مضبوطی کے ساتھ قائم رہنے کی توفیق دے۔ کسی سے عداوت و دشمنی ہمیں ناانصافی پر نہ ابھارے۔ کسی کی طرف داری اور ظلم کے بغیر صرف اپنی رضا کے لیے گواہی دینے کی توفیق دے۔ ہمیں اپنے کی مخالفت اور اپنی حرام کردہ چیزوں میں مبتلا ہونے سے بچا؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ المائدہ، آیت08)

﴿عفو ودرگزر کی دعا﴾

یا اللہ! سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی شانِ عفو و درگزر کا صدقہ؛ ہمیں دوسروں کی غلطیاں درگزر کرنے کی توفیق عطا فرما۔ لوگوں کو اچھے اور مفید کاموں کی



www.dawateislami.net



ترغیب دینے والا بنا۔ ناسمجھ لوگوں کے برا بھلا کہنے پر ان کے ساتھ الجھنے سے بچا۔ تقویٰ کی دولت سے نواز دے اور اسباب اختیار کرتے ہوئے صرف اپنی ذات پر توکل کی سعادت دے؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ المائدہ، آیت 11)

﴿ اعمالِ صالحہ کے لیے دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں فرض و نفل عبادات کے ذریعے اپنا قرب حاصل کرنے کی توفیق دے۔ فرائض وواجبات کی پابندی کرنے اور حرام چیزوں سے بچنے والا بنا۔ تیری بارگاہ تک رسائی کے لیے نیک اعمال اور نیک بندوں کا وسیلہ اختیار کرنے کی توفیق دے اور آخرت میں حقیقی کامیابی دلانے والے اعمال بجالانے کی سعادت سے نواز دے؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ المائدہ، آیت 35)

﴿ اسلام دشمنوں سے دوری کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں یہود و نصاریٰ اور اسلام دشمنوں کو اپنا دوست بنانے سے بچا۔ غیر مسلموں کو اپنا خیر خواہ اور ہمدرد سمجھتے ہوئے ان سے دوستیاں لگانے سے بچا۔ سچے، مخلص اور نیک مسلمانوں کے ساتھ دوستی کرنے کی توفیق عطا فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ المائدہ، آیت 51)

﴿ مؤمنوں سے نرمی برتنے کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں ایمان پر ثابت قدم رکھ۔ مؤمنوں کے لئے نرم اور تیرے دشمنوں کے لئے سخت بننے کی توفیق عطا فرما۔ اپنی جان و مال کے ساتھ دین اسلام کی خدمت کی



www.dawateislami.net



توفیق دے۔ حق بیان کرنے کا جذبہ عطا فرما۔ اپنی محبت سے سرشار کر دے اور اپنے محبوب بندوں میں شامل فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ المائدہ، آیت 54)

﴿ شعائرِ اسلام کے ادب کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں اسلام یا اس کی تعلیمات کا مذاق اڑانے والے خبیثوں سے دور رہنے والا بنا۔ قرآن و سنت اور شعائرِ اسلام کا ادب و احترام کرنے کی توفیق عطا فرما؛ آمین۔
(مناسبت دعا، سورۃ المائدہ، آیت 57۔58)

﴿ شرعی احکام میں اعتدال کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں اعمال میں اعتدال کی راہ اختیار کرنے کی توفیق دے۔ حلال چیزوں کو حرام کی طرح گناہ و نافرمانی سمجھ کر چھوڑنے سے بچا۔ پاکیزہ چیزوں کو اپنی طرف سے حرام قرار دینے سے محفوظ رکھ اور دینی احکام کی عظمت و اہمیت سے ہمارے دلوں کو لبریز فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ المائدہ، آیت 87۔88)

﴿ شراب و جوئے سے بچنے کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں شراب کی گندگی، جوئے کے حرام عمل اور حرام کمائی سے محفوظ رکھ۔ بتوں کی گندگی اور شرکت کی نجاست سے ہمیں ہمیشہ ہمیشہ پاک رکھ۔ زمانہ جاہلیت کے بداعمالیوں سے محفوظ فرما۔ تلاوتِ قرآن، ذکرِ الٰہی، خشوع و خضوع والی نماز اور ذوق و شوق والی عبادت کی توفیق عطا فرما اور ان نیکیوں سے دور کرنے والی ہر بری صحبت، برے عمل سے ہماری جان چھڑا؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ المائدہ، آیت 90۔91)



www.dawateislami.net



﴿خوفِ خدا کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں تجھ سے اور تیرے عذاب سے ڈرتے رہنے کی توفیق دے۔ تجھ سے بے خوف ہونے سے ہمیشہ محفوظ رکھ۔ تیری بارگاہ میں رجوع کرنے والا دل عطا فرما اور حکم شرعی کی خلاف ورزی سے بچا، آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ المائدہ، آیت 94)

﴿حرم پاک کی تعظیم کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں خانہ کعبہ کی زیارت، محبت و تعظیم کے طواف کرنے کی سعادت عطا فرما اور حرم شریف کی عظمت سے ہمارے دلوں کو سرشار فرما۔ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ المائدہ، آیت 95)

﴿فضول سوالات سے بچنے کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں علمِ نافع کی دولت اور علماء و صالحین کی صحبت نصیب فرما۔ اچھے سوال کرنے اور علم میں اضافہ کرنے کی توفیق عطا فرما اور فضول اور غیر مفید سوالات سے ہمیں بچا؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ المائدہ، آیت 101)

﴿اپنی اور دوسروں کی اصلاح کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں اپنے عقائد و اعمال کی اصلاح کر کے اپنی فکر کرنے کی توفیق دے۔ دوسروں کے عقائد واعمال کی اصلاح کے لیے فکر مند ہونے، انہیں سمجھانے، نیکی کی دعوت دینے اور برائی سے منع کرنے والا بھی بنا۔ دوسروں کو اسلام و ہدایت کی طرف



www.dawateislami.net



دعوت دینے اور برائی سے روکنے میں غفلت سے بچا۔ اپنے گھر والوں کو عذابِ جہنم سے بچانے کی کوشش کرنے اور نماز کی تاکید کرنے کی توفیق عطا فرما؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ المائدہ، آیت 105)

﴿ سچ کی توفیق اور جھوٹ سے بچنے کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں سچ بولنے اور سچ پر قائم رہنے کی توفیق عطا فرما۔ جھوٹی قسم کھانے، جھوٹی گواہی دینے اور دوسروں کو جھوٹے مقدمات میں پھنسا کر انہیں ذلیل و رسوا کرنے سے بچا؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ المائدہ، آیت 106۔108)

﴿ کفار کے مقابل ثابت قدم رہنے کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں کفار کے شر اور ان کے حملوں سے محفوظ فرما۔ اگر ان کے خلاف جنگ کی نوبت آجائے تو ہمیں ان کے مقابلے میں ثابت قدم رکھ۔ کفار کے مقابلے میں پسپائی اختیار کرنے اور بزدلی دکھانے سے بچا؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورہ انفال، آیت 15۔19)

﴿ اللہ ورسول عزوجل و صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی سے بچنے کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں اپنی اور اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی اطاعت پر ثابت قدمی نصیب فرما۔ اپنی اور اپنے محبوب صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی نافرمانی سے بچا۔ اے اللہ، تو نے ہمیں آنکھ، کان اور دل کی نعمتیں عطا فرمائیں، ہمیں سمجھنے، دیکھنے اور سننے کی ان قوتوں سے اس کے حق کے مطابق فائدہ اٹھانے کی توفیق دے؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورہ انفال، آیت 20۔22)



www.dawateislami.net



﴿دینی احکامات پر عمل اور برائیوں سے بچنے کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں اپنے حبیب صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے احکام کا پابند بنا۔ نیکی کے کاموں میں شوق سے جلدی کی توفیق عطا فرما اور گناہوں سے بچنے کی بھی ہمت عطا فرما۔ ہمارے دل کو دینِ حق پر ثابت قدم رکھ اور اسے اپنی اطاعت و فرمانبرداری کی طرف پھیر دے؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورہ انفال، آیت 24)

﴿مال و آبرو میں خیانت سے بچنے کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں مسلمانوں کے راز دوسروں تک پہنچا کر خیانت کرنے سے بچا۔ فرائض و سنتیں چھوڑ کر خیانت کرنے سے محفوظ رکھ۔ لوگوں کی امانتوں میں جان بوجھ کر خیانت کرنے سے بچنے کی توفیق دے، ہمیں مال و اولاد کے حقوق ادا کرنے والا بنا اور مال و اولاد کی آزمائش سے کامیابی عطا کر؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورہ انفال، آیت 27۔28)

﴿حق پر چلنے اور باطل سے بچنے کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں تجھ سے ڈرنے اور تیرے حکم پر چلنے کی توفیق سے نواز دے۔ ہمارے دل کو ایسا نور اور توفیق عطا فرما جس سے حق و باطل کے درمیان فرق کر سکیں۔ ہمارے سابقہ صغیرہ کبیرہ تمام گناہوں کو مٹا دے اور مخلوق کے سامنے ہمارے عیبوں کو چھپا لے؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورہ انفال، آیت 29)

﴿راہِ خدا میں ہر حال میں ثابت قدم رہنے کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں جنگ یا کسی بھی آزمائش کی تمنا کرنے سے محفوظ فرما۔ اگر جنگ ہم



www.dawateislami.net



پر مسلط ہو یا اس کا جائز شرعی موقع آجائے تو ثابت قدمی کا مظاہرہ کرنے کی توفیق دے اور بزدلی سے بچا۔ دورانِ جنگ کثرت سے اپنا ذکر کرتے رہنے کی سعادت دے۔ ہر حال میں ہم تیرے اور تیرے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی اطاعت کرتے رہیں۔ باہمی اختلاف سے بچ کر اتحاد و اتفاق کا راستہ اختیار کرنے والا بنا۔ میدانِ جنگ میں آنے والی تکالیف برداشت کرنے اور صبر و ہمت کا دامن تھام کر رکھنے کی توفیق دے اور اپنی مدد و نصرت کو ہمارے شاملِ حال فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورہ انفال، آیت 45۔47)

﴿ محبتِ الٰہی اور عشقِ مصطفوی کی دعا ﴾

یا اللہ ! ہمیں اپنی اور اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی سچی محبت نصیب فرما۔ تیری اور تیرے پیارے رسول صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی محبت کے مقابلے میں ہر محبت کو قربان کر دینے والا بنا۔ کفر و گمراہی اور بد مذہبی پر چلنے والے تیرے نافرمان بندوں سے میل جول اور دوستی و محبت رکھنے سے بچا۔ فقط تیری رضا کی خاطر کسی سے محبت، دوستی یا نفرت و بغض رکھنے کی توفیق دے؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ التوبہ، آیت 23)

﴿ مساجد کا ادب و احترام کرنے کی دعا ﴾

یا اللہ ! ہمیں ایمان کی سلامتی اور اپنے دین پر ثابت قدمی نصیب فرما۔ کفر و شرک کی نجاست سے محفوظ رکھ۔ مسجد حرام اور دیگر تمام مساجد کے تقدس و احترام کا خیال رکھنے کی توفیق دے۔ ہمیں غیرتِ ایمانی عطا کر، اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کی سمجھ اور



www.dawateislami.net



توفیق عطا فرما۔ کفار سے قرض و امداد لینے کی رسوائی اور بیچارگی سے بچا۔ معاشی ترقی کے لیے قرآن و سنت کو معیار بنانے کی توفیق عطا فرما؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ التوبہ، آیت 28)

﴿ مال کی حرص سے بچنے کی دعا ﴾

یا اللہ ! ہمیں مال کی محبت اور اس کی حرص سے بچا۔ لوگوں کا مال ناجائز و حرام طریقے سے کھانے اور انہیں راہِ خدا سے روکنے سے محفوظ رکھ۔ دین کو دنیا کا مال و دولت، عزت و منصب اور وجاہت پانے کا ذریعے بنانے سے بچا۔ مال کی زکوۃ ادا کرنے کی توفیق دے۔ ہمیں تیرا ذکر کرنے والی زبان اور شکر کرنے والا دل عطا فرما؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ التوبہ، آیت 34)

﴿ آخرت کو مقصدِ زندگی بنانے کی دعا ﴾

یا اللہ ! ہمیں دنیا کی محبت، دنیا کی زندگی پر مطمئن ہو کر بیٹھ جانے اور آخرت کو بھلا دینے سے محفوظ رکھ۔ مال و دولت اور اولاد کی آزمائش میں سرخرو فرما۔ تیری خوشنودی کا حصول اپنی زندگی کا سب سے بڑا مقصد بنانے کی توفیق دے۔ دنیوی لذات و خواہشات کا قربان کرنا ہمارے لیے آسان بنا۔ آخرت کی رغبت اور اس کی تیاری کا شوق ہمارے دلوں میں پیدا فرما؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ التوبہ، آیت 38)

﴿ متقین و مخلصین کی معیت کی دعا ﴾

یا اللہ ! نیکیاں کرنا اور گناہوں سے بچنا ہمارے لیے آسان فرما۔ تقویٰ کے نور



www.dawateislami.net



سے ہمارے دلوں کو معمور فرما۔ ایمان اور نیتوں کے سچے، دل و اعمال کے سیدھے اور مخلص لوگوں کا ساتھ نصیب فرما۔ زندگی کے ہر شعبے میں سچائی سے کام لینے اور جھوٹ سے بچنے والا بنا۔ عمدہ عبادت، اچھے اعمال، حسنِ اخلاق اور صبر و استقامت کو اپنا شیوہ بنانے کی توفیق دے۔ منافقین کے طرزِ عمل، فاسقوں کے کردار اور فاجروں کے طریقۂ کار سے خود کو دور رکھنے کی سعادت عطا کر؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ التوبہ، آیت 119)

﴿ اسلامی نظام کے نفاذ کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں تیری زمین پر تیرا ہی نظام یعنی اسلام نافذ کرنے اور اس کے لئے ہر ممکن کوشش کرنے کی توفیق دے۔ دینی معاملات میں خالص تیری رضا کے لیے سختی اور نرمی دونوں سے کام لینے کی سعادت دے۔ مال و دولت یا منصب و مرتبے کے حصول کی خاطر جہاد کرنے سے بچا؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ التوبہ، آیت 123)

﴿ حسنِ اخلاق وصلہ رحمی کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں اپنی رضا کے لیے پابندی کے ساتھ نماز پڑھنے کی توفیق دے۔ نماز کے صدقے ہمارے صغیرہ کبیرہ گناہ معاف فرما۔ دیگر عبادات بھی بجالانے اور نیک کام کرتے رہنے والا بنا، رشتہ داروں کے ساتھ صلۂ رحمی کرنے کی توفیق دے۔ رشتہ داری توڑنے سے بچا۔ حُسنِ اخلاق کا پیکر بنا۔ جنت میں داخلہ اور جہنم سے چھٹکارا دے کر اخروی کامیابی عطا فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورہ حج، آیت 77)



www.dawateislami.net



﴿ شیطان کی پیروی سے بچنے کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں اپنے اعمال و افعال میں شیطان مردود کے طریقوں پر چلنے سے بچا۔ بے حیائی، بری باتوں اور ہر گناہ سے محفوظ رکھ۔ توبہ اور اچھے اعمال کی توفیق دے اور اپنے فضل و رحمت سے ہمارے ظاہر و باطن کو پاکیزگی عطا فرما؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ النور، آیت 21)

﴿ آدابِ معاشرت سے متعلق دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں دوسروں کے گھروں میں داخل ہونے سے پہلے اجازت لینے کی توفیق دے۔ نگاہوں کی خیانت سے محفوظ فرما۔ شریعت کے حکم کے مطابق اگر داخلے کی اجازت نہ ملے تو بغیر ناراض ہوئے واپس جانے کی توفیق عطا کر اور دین اسلام کے سکھائے ہوئے تمام آدابِ زندگی اپنانے کی سعادت سے نواز دے؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ النور، آیت 27۔29)

یا اللہ! ہمیں گھر میں داخل ہونے کے اسلامی آداب کا لحاظ رکھنے کی توفیق عطا فرما۔ اس کے علاوہ دیگر آدابِ زندگی بھی اپنانے کی سعادت دے؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ النور، آیت 58)

﴿ نعمتوں پر شکر کرنے کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں تیری عطا کردہ نعمتوں کو یاد رکھنے اور ان پر شکر ادا کرتے رہنے کی توفیق عطا فرما۔ ہمیں کفار کے غلبے اور ان کی سازشوں سے محفوظ فرما۔ دینِ حق پر استقامت دے اور آزمائش کے وقت ثابت قدم رکھ؛ آمین۔



www.dawateislami.net



(مناسبت دعا، سورۃ الاحزاب، آیت 09)

﴿کثرت سے ذکر کرنے والوں میں شامل ہونے کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں کثرت کے ساتھ اپنا ذکر کرنے کی توفیق دے۔ ہمیں ذاکرین شاکرین کے گروہ میں شامل فرما۔ پانچوں نمازیں پابندی کے ساتھ ادا کرنے والا بنا اور ذکر و تسبیح کے فضائل و برکات سے ہمیں مالا مال فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ الاحزاب، آیت 41۔42)

﴿گھروں میں سکون کی دعا﴾

یا اللہ! ہمارے گھروں کو راحت و سکون کا گہوارہ بنا۔ میاں بیوی میں اتفاق و محبت پیدا فرما۔ ان کے درمیان ناچاقیوں اور رنجشوں کو دور فرما۔ شرعی سبب کے بغیر طلاق دے کر رشتہ توڑنے سے محفوظ رکھ۔ اگر کسی کے ہاں طلاق کی نوبت آ ہی جائے تب بھی عورتوں کے حقوق کا خیال رکھنے اور ان کے ساتھ حسن سلوک کرنے کی توفیق دے۔ اس وقت بھی انہیں تکلیف و ایذا دینے سے بچا؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ الاحزاب، آیت 49)

﴿شرم و حیا اور آدابِ ضیافت کی دعا﴾

یا اللہ! سید الانبیاء کی شانِ کرم، کمالِ حیا اور حسن اخلاق کا صدقہ؛ ہمیں بھی مہربانی، حیا اور حسنِ اخلاق کی دولت سے نواز دے۔ میزبان کو ایذا و تکلیف میں مبتلا کرنے سے بچا۔ پردے کے اسلامی احکام کی حکمتیں سمجھنے کی توفیق دے۔ نفس کے شر سے محفوظ رکھ اور ہمیں ہر اس کام سے بچا؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ الاحزاب، آیت 53)



www.dawateislami.net



﴿کثرتِ درود کی توفیق ملنے کی دعا﴾

یا اللہ! ہمارے دلوں کو اپنے حبیب صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے عشق کے نور سے منور فرما۔ یادِ مصطفیٰ اور ذکرِ حبیبِ کبریا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم سے ہماری زبانوں کو تر فرما۔ ہمیں کثرت و پابندی کے ساتھ نبی پاک صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی ذاتِ مقدسہ پر درود و سلام پڑھتے رہنے کی توفیق عطا فرما۔ درود و سلام کے فضائل و برکات نصیب فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ الاحزاب، آیت 56)

﴿موذی حرکت سے بچنے کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا ادب و احترام بجالانے کی توفیق دے۔ ہر اس بات اور کام سے بچا جو آقا کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے رنج و ملال کا باعث بنے اور تمام انبیاء علیہ السّلام کی تعظیم و توقیر کرنے والا بنا؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ الاحزاب، آیت 69)

﴿زبان کی حفاظت کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں تقویٰ اختیار کرنے کی توفیق عطا کر۔ موقع محل کی مناسبت سے حق بات کہنے کا حکم دینے کی ہمت دے۔ اپنی زبان اور کلام کی حفاظت کرنے والا بنا۔ زبان کے شر، اس کی تمام آفات اور اسے بے لگام چھوڑنے کے نقصانات سے محفوظ فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ الاحزاب، آیت 70۔71)

﴿دین کا مددگار بننے کی دعا﴾



www.dawateislami.net

یا اللہ! ہمیں خالص تیری رضا کے لیے تیرے دین کی مدد کرنے کی توفیق عطا فرما۔ اپنی مدد کو ہمارے شامل حال فرما اور اپنے دین پر آخری سانس تک ثابت قدم رکھ ؛آمین۔

(مناسبت دعا، سورہ محمد، آیت 07)

﴿ ریاکاری سے بچنے کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی اطاعت کرنے اور ایمان و اطاعت پر قائم رہنے کی توفیق عطا فرما۔ ریاکاری یا منافقت سے کام لے کر اپنے اعمال باطل کرنے سے بچا۔ نیک اعمال کو برباد کر دینے والے تمام اعمال سے محفوظ رکھ ؛آمین۔

(مناسبت دعا، سورہ محمد، آیت 33)

﴿ علمائے کرام کا ادب واحترام کرنے کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی بارگاہ میں نیاز مندی اور آداب کا لحاظ رکھنے کی توفیق دے۔ ادب واحترام کے خلاف ہر قول و فعل سے بچا۔ اہل حق اور باعمل علماء کا ادب و تعظیم کرنے کی سعادت دے ؛آمین۔

(مناسبت دعا، سورہ حجرات، آیت 01)

﴿ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں باادب حاضری کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں بارگاہِ رسالت کی باادب حاضری نصیب فرما، گنبدِ خضریٰ کے جلوے اور سنہری جالیوں کے سامنے محبت و شوق سے درود وسلام عرض کرنے کی توفیق عطا فرما۔



www.dawateislami.net



رسول کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے علم کے وارث یعنی اہل حق علماء کی مجالس میں بھی آداب کے ساتھ اور پست آواز سے بات کرنے کی سعادت دے؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورہ حجرات، آیت 02)

﴿ افواہ سازی سے بچنے کی دعا ﴾

یااللہ! ہمیں معاشرے کو امن و سکون کا گہوارہ بنانے والے کام کرنے کی توفیق دے۔ معاشرتی امن کی راہ میں رکاوٹ بننے والے تمام کاموں سے بچا۔ تصدیق اور تحقیق کے بغیر کسی بھی خبر کو عام کرنے سے محفوظ فرما۔ سنی سنائی باتیں بغیر تحقیق کے آگے بیان کرنے سے بچنے کی توفیق عطا فرما۔ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کا ادب و تعظیم کرتے رہنے کی سعادت نصیب فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورہ حجرات، آیت 06)

﴿ ایذاء مسلم سے بچنے کی دعا ﴾

یااللہ! ہمیں زبان کے شر سے محفوظ فرما، دوسروں کا مذاق اڑانے، طعنہ دینے اور ایک دوسرے کے برے نام رکھنے سے بچا۔ مسلمانوں کی تحقیر کرنے، انہیں ایذا اور دکھ دینے سے محفوظ رکھ؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورہ حجرات، آیت 11)

﴿ بدگمانی، عیب جوئی اور غیبت سے بچنے کی دعا ﴾

یااللہ! ہمارے دل و دماغ کو پاکیزگی عطا فرما، ہمیں بد گمانی کرنے سے بچا۔ مسلمانوں کے پوشیدہ عیب تلاش کرنے اور انہیں آگے بیان کرنے سے محفوظ رکھ۔ مسلمان بھائیوں کے عیب چھپانے والا بنا۔ اپنے عیب تلاش کرنے اور ان کی



www.dawateislami.net



اصلاح کرنے کی توفیق دے۔ ایک دوسرے کی غیبت کرنے سے بچا۔انسانوں کے باہمی حقوق اور معاشرتی آداب کا خیال رکھنے کی توفیق دے۔انسانی حقوق کی پامالی اور معاشرتی آداب کے بر خلاف کاموں سے بچنے کی سعادت دے۔ تجھ سے ڈرنے اور گناہوں سے سچی توبہ کرنے کی توفیق عطا فرما؛آمین۔ (مناسبت دعا،سورہ حجرات،آیت12)

﴿ تقوی وایمان کے ثمرات کے حصول کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں ایمان پر استقامت اور تقویٰ کی بے مثال دولت عطا فرما۔ تقویٰ و ایمان کے ثمرات سے مالامال فرما۔ آخرت میں ایسا نور عطا کر جس کی روشنی میں پُل صراط سے عافیت کے ساتھ گزر جائیں۔ ہمارے گزشتہ اور آئندہ کے سب گناہ معاف فرمادے اور ہمیں اپنی بخشش کی خیرات عطا کر؛آمین۔ (مناسبت دعا،سورہ حدید،آیت28)

﴿ بُرے مشورے،بُری خلوت سے بچنے کی دعا ﴾

یااللہ! ہمیں نیکی اور پرہیز گاری کے کاموں میں ایک دوسرے سے مشورہ کرنے کی توفیق عطا فرما۔ گناہ، حد سے بڑھنے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی نافرمانی کے کاموں پر مشورے کرنے سے بچا۔ صلاح ومشورے کفار کی بجائے مسلمانوں سے ہی کرنے کی توفیق دے۔ہماری خلوت کو بھی جلوت کی طرح پاکیزہ فرما اور تنہائی میں بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا ادب واحترام ملحوظ رکھنے والا بنا؛آمین۔ (مناسبت دعا،سورۃ المجادلہ،آیت09)



www.dawateislami.net



﴿باہمی تعلقات میں حسنِ فہم کی دعا﴾

یا اللہ ! ہمیں بزرگانِ دین اور دینی پیشواؤں کی تعظیم و توقیر کرنے اور ان کی بے ادبی سے بچنے کی توفیق دے۔ لوگوں سے ان کے مرتبے اور منصب کے مطابق سلوک کرنے کی سعادت عطا فرما۔ دین اسلام کے بیان کردہ معاشرتی زندگی کے آداب پر عمل کی توفیق عطا کر۔ دین کا علم حاصل کرنے، علماء کی صحبت میں بیٹھنے اور ان سے محبت کرنے والا بنا؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ المجادلہ، آیت 11)

﴿ مقدس مقامات پر حاضریوں میں ادب کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں بارگاہِ رسالت کے آداب کا خیال رکھنے کی سعادت عطا کر۔ اولیائے کرام رحمۃُ اللہِ علیہم کے مزارات کی باادب حاضری نصیب فرما۔ ہمیں تمام حالات میں صدقہ کرنے، نماز قائم رکھنے اور زکوۃ دینے کی توفیق دے۔ تیرا اور تیرے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا فرمانبردار بندہ بنا؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ المجادلہ، آیت 12۔13)

﴿ تقویٰ و فکرِ آخرت کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں ہر کام میں تجھ سے ڈرنے اور تیرے حکم کی مخالفت نہ کرنے کی توفیق دے۔ آخرت کی تیاری سے متعلق اپنے اعمال کے بارے میں سوچنے اور ان کا جائزہ لینے کی سعادت دے۔ تیرے عذاب سے ڈرنے اور تیری اطاعت میں سرگرم



www.dawateislami.net



رہنے والا بنا۔ اخروی امور کی دشواریوں سے بے خبر اور غافل رہنے سے بچا اور غفلت کے تمام اسباب سے محفوظ رکھ؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورہ حشر، آیت 18۔19)

﴿اسلام اور مسلمانوں کے ساتھ وفادار رہنے کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں تیرے اور تیرے نیک بندوں کے دشمنوں کو اپنا دوست بنانے سے بچا۔ تیری رضا کے لیے کسی سے دوستی اور تیری رضا کی خاطر دشمنی رکھنے کی توفیق دے۔ کفار تک مسلمانوں کے راز پہنچا کر غداری اور دین و قوم کے ساتھ بغاوت کرنے سے محفوظ رکھ۔ ایمان کے دشمن کو جان کے دشمن سے زیادہ خطرناک سمجھنے اور اس سے بچنے کی سعادت دے؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ الممتحنہ، آیت 01)

﴿حقوق العباد ادا کرنے کی دعا﴾

یا اللہ! ہمارے دین و ایمان کی حفاظت فرما اور اہل ایمان کے حقوق ادا کرنے کی توفیق عطا فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ الممتحنہ، آیت 10)

﴿بُرے لوگوں کی دوستی سے پناہ کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں اپنے غضب کے مستحق لوگوں کی دوستی سے بچا، ایمان کی مٹھاس اور آخرت کا شوق عطا فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ الممتحنہ، آیت 13)

﴿قول و فعل کی اچھائی اور موافقت کی دعا﴾

یا اللہ! ہمارے ظاہر و باطن کو ایک جیسا پاکیزہ اور اچھا بنا دے۔ قول و فعل میں تضاد سے بچا۔ دوسروں کو نیکی کی دعوت دینے اور خود برائیوں میں مبتلا ہونے سے



www.dawateislami.net



وعدہ کر کے اسے پورا کرنے کی سعادت دے؛آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ الصف، آیت2۔3)

﴿راہ خدا میں جان ومال قربان کرنے کی توفیق ملنے کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں ایمان پر ثابت قدمی نصیب فرما۔ مال وجان کے ساتھ تیری راہ میں جہاد کرنے کی توفیق دے۔ ہمارے گناہوں کو بخش دے۔ اپنی رحمت ورضا کی نعمتوں سے سرفراز فرمااور روزِ قیامت جنت میں جگہ عطا فرما کر حقیقی کامیابی سے نواز دے؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ الصف، آیت10۔13)

﴿ دین کی خدمت کرنے کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں اخلاص کے ساتھ تیرے دین کا مددگار بنا۔ تیرے دین کی مدد کی تمام صورتوں پر عمل کی توفیق دے۔ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف کفار کی سازشوں کا ہر سطح پر مقابلہ کرنے کی توفیق دے؛آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ الصف، آیت14)

﴿ نماز جمعہ کی برکتیں حاصل کرنے کی دعا﴾

یا اللہ! ہمیں عبادت کا شوق، نمازوں سے محبت اور نماز جمعہ کی بہت زیادہ قدر کرنے والا بنا۔ اذان جمعہ کے بعد فوراً نمازِ جمعہ کی تیاری کرنے کی توفیق دے۔ دیگر عبادات اور نیک کاموں میں بھی جلدی کرنے کی سعادت دے اور جمعہ کے فضائل و برکات سے مالامال فرما؛ آمین۔

(مناسبت دعا، سورۃ الجمعہ، آیت09)



www.dawateislami.net



﴿ آخرت سے غافل کر دینے والی محبتوں سے بچنے کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں تیرے ذکر اور تیری یاد سے غافل کر دینے والے مال و اولاد سے محفوظ رکھ۔ دنیا میں مشغول ہو کر دین کو فراموش کر دینے سے بچا۔ مال کی محبت میں اپنے حال و انجام کی پرواہ نہ کرنے سے بچنے کی توفیق دے۔ اولاد کی خاطر اخروی راحت سے غافل ہونے سے بچا۔ حلال کمانے اور نیک کاموں میں مال خرچ کرنے کی توفیق دے؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ المنافقون، آیت 09)

﴿ اہلِ خانہ سے حسن سلوک کی دعا ﴾

یا اللہ! ہماری آخرت کو نقصان پہنچانے والی بیوی بچوں کی بات ماننے سے بچا۔ اپنے بیوی بچوں کی غلطیاں معاف کرنے اور ان سے در گزر کرنے والا بنا۔ ان کے حقوق ادا کرنے کی توفیق دے اور ہمیں اپنے اہل خانہ کے لیے سب سے بہتر بننے کی توفیق عطا فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ التغابن، آیت 14)

﴿ اپنے اور اہل خانہ کے لیے عذاب سے حفاظت کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں خود کو اور اپنے اہل خانہ کو عذاب جہنم سے بچانے والے کام کرنے کی توفیق دے۔ بیوی بچوں اور اپنے ماتحت افراد کی اسلامی تعلیم و تربیت کرنے والا بنا؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ التحریم، آیت 06)

﴿ سچی توبہ کی توفیق کی دعا ﴾

یا اللہ! ہمیں تمام گناہوں سے سچی توبہ کرنے کی توفیق عطا فرما۔ ہماری زندگی کو



www.dawateislami.net



طاعتوں اور عبادتوں سے معمور فرما۔ ہمارے لیے ارتکابِ گناہ مشکل ترین اور نیک اعمال کرنا آسان بنا۔ ہماری برائیوں کو مٹادے۔ آخرت کی رسوائی سے بچا۔ پل صراط پر نور عطا فرما اور جنت الفردوس میں پیارے حبیب صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا پڑوس عطا فرما؛ آمین۔ (مناسبت دعا، سورۃ التحریم، آیت 08)

اَللّٰھُمَّ آمین، ثُمَّ آمین بِجاہ طٰہٰ و یٰسٓ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ



www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

”حدیث پاک“

سیدنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے روایت ہے کہ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا:

”جو یہ چاہتا ہے کہ اللہ پاک اُس کی تنگدستی کے وقت دُعائیں قبول فرمائے، تو وہ خوشحالی میں کثرت سے دعائیں کیا کرے۔“

(جامع ترمذی، کتاب الدعوات، باب ماجاء ان دعوۃ المسلم مستجابۃ، رقم ۳۳۸۲، ج۵، ص ۴۶۲)

فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی
UAN +92 21 111 25 26 92 0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net